ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(273)

مورخہ 16.05.24

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ   روز کی مختلف کارروائیوں میں 13 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ کینٹ، سول لائینز، بغداد الجدید، مسافر خانہ اور سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 160 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2020 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سول لائینز، بغداد الجدید، سٹی احمد پور شرقیہ، چنی گوٹھ اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 06 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 04 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد کلاشنکوف اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کر لی۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (274)

16.05.24

**بہاولپور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد،30 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی،شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 30 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کیئے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے،سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقدہ کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (275)

مورخہ 16.05.24

**بہاول پور (        ) ڈی پی او اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ ڈیراور پولیس کی کامیاب کارروائی۔ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ممتازی گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مالیتی ڈکیتی شدہ سولر پلیٹس و دیگر قیمتی سامان برآمد۔پولیس کی اصل کامیابی ہے کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال واپس کرایا جائے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ ڈیراور پولیس نے ایس ایچ او کی قیادت میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ممتازی گینگ کے سرغنہ ممتاز عرف ممتازی 03 ساتھیوں علی، عرفان اور شبیر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 39 عدد ڈکیتی شدہ سولر پلیٹس، انورٹرز و ٹربائن کا دیگر قیمتی سامان برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کر لیا جائے گا۔برآمد شدہ سولر پلیٹیں و دیگر سامان ضروری کارروائی کے بعد اصل مالک کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ گرفتار ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے پولیس تمام شواہد اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے بہترین کارکردگی پر تھانہ ڈیراور پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ تھانہ ڈیراور پولیس کی کامیاب کارروائی ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ممتازی گینگ گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی ڈکیتی شدہ سولر پلیٹس و دیگر قیمتی سامان برآمد